نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

<u>محکمہ زراعت پنجاب نے گندم کی فصل کی بہتر نگہداشت کیلئے سفارشات جاری کر دیں</u>

لاہور**2** جنوری**2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق دھان، کماد، مکئی اور کپاس کے بعد کاشتہ گندم کی فصل کو دوسرا پانی 80 تا90 دن بعد لگائیں اور پچھیتی کاشت کے لئے دوسرا پانی 70 تا80 دن بعد گوبھ کے وقت لگائیں۔کاشتکار گندم کی فصل کو پانی لگاتے وقت محکمہ موسمیات کی پیشن گوئی کو مدِنظر رکھیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ اگر پہلی آبپاشی میں تاخیر ہوگئی تو جلد از جلد آبپاشی کریں۔آبپاش علاقوں میں نائٹروجنی کھاد کا استعمال پہلے اور دوسرے پانی کے ساتھ مکمل کرلیں تاہم ریتلے علاقوں میں چھوٹی اقساط میں ڈالیں۔اس کے علاوہ پہلے پانی کے بعد جڑی بوٹیوں کی شناخت کو مدِنظر رکھتے ہوئے محکمہ زراعت (توسیع) کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے چوڑے اور نوکیلے پتوں والی جڑی بوٹیوں کی تلفی کے لئے زرعی زہروں کا سپرے ٹی جیٹ یا فلیٹ فین نوزل کے ذریعے کریں اور پانی کی مقدار 100 تا120 لیٹر استعمال کریں۔دھند، بارش اور تیز ہوا میں سپرے کرنے سے گریز کریں۔

☆☆☆☆